Institute
الهداية
Al-Hidayah

جاگنے کے اذکار

01

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں مرنے (سونے) کے بعد دوبارہ زندگی دی اوراسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

(صحیح البخاری : 6314)

02

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ وَرَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ وَاَذِنَ لِیْ بِذِكْرِهٖ

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے میرے جسم کو عافیت دی اور مجھ پر میری روح لوٹائی اور مجھے اپنے ذکر کی توفیق دی۔

(سنن الترمذی:3401)

03

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِىْ قَلْبِىْ نُوْرًا وَّفِىْ بَصَرِىْ نُوْرًا
وَّفِىْ سَمْعِىْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِىْ نُوْرًا وَّعَنْ
يَسَارِىْ نُوْرًا وَّفَوْقِىْ نُوْرًا وَّتَحْتِىْ نُوْرًا
وَّاَمَامِىْ نُوْرًا وَّخَلْفِىْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّىْ نُوْرًا

اے اللہ! ڈال دے میرے دل میں نور، میری آنکھوں میں نور، میرے کانوں میں نور، میرے دائیں نور، میرے بائیں نور، میرے اوپر نور، میرے نیچے نور، میرے آگے نور، میرے پیچھے نور اور بنا دے میرے لیے نور۔

(صحیح البخاری : 6316)

04

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيم

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ
فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝

کہہ دیجئے! میں صبح کے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔ ہر
اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے اور
اندھیری رات کی تاریکی کے شر سے جب وہ پھیل
جائے، اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے،
اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

(سنن النسائی:5439)

05

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيم

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلَـٰهِ النَّاسِ
۝ مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِي يُوَسْوِسُ
فِي صُدُورِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

کہہ دیجئے! میں لوگوں کے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔
لوگوں کے مالک کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ
ڈالنے والے، باربار پلٹ کر آنے والے کے شر سے۔ وہ
جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور
انسانوں میں سے۔

(سنن النسائی:5439)

06

اَللهُ اَكْبَرُ (10x)، اَلْحَمْدُلِله (10x)، سُبْحَانَ اللهِ (10x)، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ(10x)، اَسْتَغْفِرُاللہ (10x)، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَعَافِنِیْ

اللہ سب سے بڑا ہے (10 بار)، پاک ہے اللہ (10 بار)، سب تعریف اللہ کے لیے ہے (10 بار)، اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں (10 بار)، اللہ مجھے بخش دے (10 بار)، اے اللہ! مجھے بخش دے،مجھے ھدایت دے، مجھے رزق عنایت فرما اور مجھے عافیت عطا فرما-

(سنن أبی داؤد:766)

07

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ لَكَ مُلْكُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ ﷺ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْلِىْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لاَ إِلَهَ غَيْرُكَ

اے اللہ! ہر طرح کی تعریف تیرے ہی لیے ہے، تو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، ان کا سنبھالنے والا ہے اور تیر ی ہی تعریف ہے، آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی تمام چیزوں پر حکومت تیرے ہی لیے ہے اور تیری ہی تعریف ہے، تو نور ہے آسمانوں اور زمین کا اور تیری ہی تعریف ہے، تو بادشاہ ہے آسمانوں اور زمین کا اور تیری ہی تعریف ہے، تو سچا ہے اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تیری ملاقات برحق ہے اور تیری بات سچی ہے اور جنت بر حق ہے اور دوزخ برحق ہے اور تمام پیغمبر سچے ہیں اور محمد ﷺ سچے ہیں اور قیامت برحق ہے۔ اے اللہ! میں تیرا فرمانبردار ہوں اور میں تجھ پر ایمان لایا ہوں اور میں نے تجھ پر بھروسا کیا ہے اور میں تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے (مخالفین کے ساتھ) جھگڑتا ہوں اور تجھ ہی سے فیصلہ چاہتا ہوں تو میرے اگلے پچھلے، پوشیدہ و ظاہر گناہوں کو معاف فرما دے، تو ہی آگے کرنے والا اور پیچھے رکھنے والا ہے، کوئی معبود نہیں مگر تو ہی۔

(صحیح البخاری : 1120)

08

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ
وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ
اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ
فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ
أَخْزَيْتَهُ ۖ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَّبَّنَا إِنَّنَا
سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا ۚ
رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ
الْأَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾ رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا
تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ﴿١٩٤﴾

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ
مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۖ بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ ۖ
فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي
سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ
وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ثَوَابًا
مِّنْ عِندِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿١٩٥﴾ لَا
يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾
مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ
﴿١٩٧﴾ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي
مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِّنْ عِندِ اللَّهِ ۗ
وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ﴿١٩٨﴾

وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَن يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ
إِلَيْكُمْ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ
بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ
رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٩٩﴾ يَا أَيُّهَا
الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا
اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٢٠٠﴾

بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے
بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں
ہیں۔ جو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں)
یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش پرغور
کرتے ہیں (وہ کہتے ہیں) کہ اے ہمارے رب! تو نے انہیں
بے مقصد پیدا نہیں کیا، تو پاک ہے پس (قیامت کے دن)
ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لینا۔اے ہمارے رب! بے
شک جسے تو نے آگ میں ڈالا پس اسے تو نے رسوا کیا
اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہو گا۔

اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا کہ وہ ایمان
کے لیے پکار رہا تھا (کہ آؤ) اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم
ایمان لے آئے، اے ہمارے رب! ہمارے لیے ہمارے گناہ معاف
فرما اور ہماری برائیوں کو ہم سے دور کردے اور ہمیں نیکوں
کے ساتھ فوت کر۔ اے ہمار ے رب! تو نے جن جن چیزوں
کے ہم سے اپنے پیغمبروں کے ذریعے وعدے کئے ہیں وہ
ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کرنا۔ (اس
میں) کچھ شک نہیں کہ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ تو اُن کے
رب نے اُن کی دعا قبول کر لی (اور فرمایا) کہ میں کسی
عمل کرنے والے کے عمل کو، مرد ہو یا عورت، ضائع نہیں
کرتا۔ تم ایک دوسرے کی جنس سے ہو۔ تو جن لوگوں نے
ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں
ستائے گئے اور لڑے اور قتل کئے گئے، میں ضرور اُن سے
ان کی برائیاں دُور کر دوں گا اور انہیں ایسی جنتوں میں
داخل کروں گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں (یہ)
اللہ کے ہاں سے بدلہ ہے اور اللہ کے ہاں اچھا بدلہ ہے۔
اے پیغمبر!) کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا تمہیں ہرگز
دھوکا نہ دے۔

/ Al-Hidayah Institute

(یہ دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ ہے پھر (آخرت میں) تو اُن کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بُری جگہ ہے۔ لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے اُن کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں (اور وہ) اُن میں ہمیشہ رہیں گے (یہ) اللہ کے ہاں (اُن کی) مہمانی ہے، اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ نیکی کرنے والوں کے لیے بہت اچھا ہے ۔ اور اہلِ کتاب میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور اُس (کتاب) پر جو تم پر نازل ہوئی اور اُس پر جو اُن پر نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کے آگے عاجزی کرتے ہیں اور اللہ کی آیتوں کے بدلے کچھ قیمت نہیں لیتے، یہی لوگ ہیں جن کا صلہ اُن کے رب کے ہاں تیار ہے اور اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔ اے اہلِ ایمان! صبر کرو اور مقابلے میں جمے رہو اور مورچوں میں ڈٹے رہو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

(صحیح البخاری :183)

جزاکم اللہ خیرا کثیرا

Youtube : Al-Hidayah Institute
Instagram Account : alhidayahinstitute.edu.pk
Facebook Account : Al-Hidayah Institute
Email : alhidayahinstitute36@gmail.com
Official Whatsapp Number: 03391212042
Website : al-hidayah.institute

October || 2026